15/06/2022

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

ضلع بستی اور سدھارتھ نگر سیاحتی ترقی کی مختلف نئی اسکیموں کے لیے رقم جاری

لکھنؤ:15 جون،2022

سیاحت ایک یقینی روزگا کا ذریعہ ہونے کے ساتھ ہی اس سیکٹر میں ریو نیو حصولیابی کے لامحدود امکانات ہیں۔اس کے پیش نظر ریاستی حکومت سیاحتی حلقوں کے ابھرتے سیکٹر کے طور پر قائم کرنے کے لیے ریاست کی تاریخی، مذہبی مقامات کی جانب گھریلو اور غیر ملکی سیاحوں کو متوجہ کرنے کے لیے بنیادی سہولیات کو مسلسل ترقی دے رہی ہے،اس کے ساتھ ہی سیاحتی مقامات کی تجدیدکاری اا ور مستحکم کاری کا کام بھی ہر منطقہ میں کرایا جارہا ہے۔اس کے تحت سدھارتھ نگر کے دیہی بھوجولی ویدھ آشرم کی سیاحتی ترقی کے لیے 117.32 لاکھ روپے کی رقم جاری کی گئی ہے۔

یہ اطلاع وزیر سیاحت وثقافت جناب جے ویر سنگھ نے آج یہاں ودھان سبھا کے اپنے دفتر میں دی۔انہوں نے بتایا کہ اسی طرح سنت کبیر نگر تحصیل مہداول پنچ مکھی ناتھ کے پختہ تالاب کی سیاحتی ترقی کے لیے 52.85 لاکھ روپے۔ ہر یہر پور رنگ پال کی جائے پیدائش کی سیاحتی ترقی کے لیے 5 لاکھ روپے ضلع بستی کی تحصیل صدر قدیمی شیو مندر کے سیاحتی ترقی کے لیے 5 لاکھ روپے نیز بہادر پور ماں کالی مندر کی سیاحتی ترقی کے لیے 5 لاکھ روپے کی رقم جاری کی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆